مؤلف نے قرآن سے متعلق وہ تمام معلومات جمع کردی ہیں جو ایک طالب علم قرآن کے لئے ضروری ہیں، وحی کی حقیقت۔ صُحُفِ سابقہ اور قرآن۔ قرآن کا نزول۔ اسکی جمع و ترتیب اعجاز۔ اقسام۔ ناسخ و منسوخ۔ تفسیر و تاویل کا فرق۔ مفسرین کے طبقات۔ قراآت سبعہ۔ حروف مقطعات آیات محکمات و متشابہات ان سب مباحث پر مختصراً کلام کیا گیا ہے۔ اس کا بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ جو لوگ عربی نہیں جانتے اور اتقان وغیرہ کتابوں سے براہِ راست فائدہ حاصل نہیں کر سکتے وہ بھی اس رسالہ کے ذریعہ قرآن مجید سے متعلق یہ ضروری اور کارآمد معلومات حاصل کر سکتے ہیں، امید ہے کہ طلبار اور عام مسلمان اس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

صاحبزادیاں از مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ، پتہ:۔ ادارہ اشاعت دینیات۔ حضرت نظام الدین اولیاء۔ دہلی ۱۳

لائق مصنف نے اسلامی تاریخ سے متعلق چھوٹی چھوٹی کتابیں رفاہِ عام کے خیال سے لکھنے کا جو سلسلہ شروع کیا ہے یہ کتاب بھی اسی کی ایک کڑی ہے اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں یعنی حضرت زینب۔ حضرت رقیہ۔ حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ کے حالات و سوانح مستند معلومات کی روشنی میں دلچسپ اور اثر انگیز پیرایہ میں لکھے ہیں۔ آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادہ حضرت ابراہیم کا بھی تذکرہ ہے۔ پھر متفرقات کے عنوان سے پہلے دو نظمیں ہیں جو یقیناً لائق مؤلف کی نہیں ہیں لیکن چوں کہ انھوں نے حوالہ نہیں دیا اس لئے شبہ یہی ہوتا ہے کہ انھیں کی ہوں گی نظموں کے بعد عورتوں کے لئے چند کام کی باتیں اور دس حدیثوں کا اردو ترجمہ ہے۔ کتاب عورتوں اور لڑکیوں کے لئے تو لکھی ہی گئی ہے۔ ان بنات طاہرات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مردوں کے لئے بھی تطہیر روح کی عبادت سے کم نہیں۔

انیسیات از محترمہ انیسہ ہارون شروانیہ تقطیع متوسط ضخامت ۱۹۲ صفحات طباعت و کتابت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ مہتمم مطبوعات مسعود منزل۔ حمایت نگر۔ حیدر آباد دکن۔

علی گڑھ کے شروانی خاندان کی ایک شاعرہ محترمہ ز۔ خ۔ شروانیہ کا تذکرہ چند ماہ ہوئے